# پاکستان میں سیاحت کا بے پناہ پوٹینشل موجود ہے



## ممتاز قانون دان اور ٹیکس ایڈوائزر
## فرحان شہزاد کا خصوصی پیغام

قدرت نے پاکستان کو جہاں مختلف قسم کی بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے وہیں شمالی علاقہ جات کی شکل میں دنیا کے جنت نظیر مقامات بھی عطا کئے ہیں جو کسی صورت سوئٹزرلینڈ سے کم نہیں ہیں۔ پاکستان میں سیاحت کا بے پناہ پوٹینشل موجود ہے جس کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ سیاحت کے شعبہ کے فروغ سے نہ صرف پاکستان میں رہنے والے افراد کو تفریح کی معیاری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ دنیا بھر سے لوگ پاکستان کا رخ کریں گے جس سے سیاحت سے منسلک سیکٹرز کو فروغ ملے گا اور نوجوانوں کیلئے نوکریوں کے بے شمار مواقع پیدا ہوں گے۔

سیاحت کی ملک میں نہ صرف خوشگوار ماحول کی ضامن ہے بلکہ ملک کو بھاری زرمبادلہ بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ سیاحت کو فروغ دینے کے سلسلے میں حکومت کو کسی قسم کے اضافی اخراجات نہیں کرنے پڑتے اور صرف ملک میں سیاحت کے اداروں کے درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔